

# THE ILM FOUNDATION
EXCELLENCE THROUGH EDUCATION

## نصاب ”مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات“ کا مختصر تعارف




الحمدللہ ”دی علم فاؤنڈیشن“ ۲۰۱۰ء سے نئی نسل تک قرآنِ حکیم کی تعلیمات کو پہنچانے کا فریضہ بغیر کسی مالی منفعت کے محض رضائے الٰہی کی خاطر سرانجام دے رہا ہے۔اس سلسلے میں ”مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات“ کے نام سے سات حصّوں پر مشتمل ایک جامع نصاب ترتیب دیا گیا ہے۔ جس کے پہلے پانچ حصوں میں مکی سورتیں اور آخری دو حصوں میں مدنی سورتیں رکھی گئی ہیں۔ الحمدللہ اس نصاب کے ساتوں حصّے شائع ہو چکے ہیں۔ یہ نصاب ادارے کی طرف سے تمام تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات کو بلاہدیہ فراہم کیا جاتا ہے۔ اس نصاب کی مؤثر تدریس کے ضمن میں اساتذہ کرام کی معاونت کے لئے مطالعہ قرآنِ حکیم کے ہر حصہ کے ساتھ ”رہنمائے اساتذہ“ کے عنوان سے مفصل تدریسی مواد بھی تیار کیا گیا ہے۔اس نصاب کی تیاری میں علماء کرام، اساتذہ کرام، والدین اور ماہرین تعلیم کی مشاورت اور تجاویز سے بھی استفادہ کیا جاتا ہے۔ اس نصاب کی مزید معلومات کے لئے نصاب کا تعارف، نمایاں خصوصیات اور بروشر دیکھا جاسکتا ہے۔

## ”مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات“ کے اہم اعزازات




۱۔ قومی نصاب کونسل (این سی سی) وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حکومتِ پاکستان اور ”اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان“ کے پانچوں مکاتب فکر کے معروف علماء کرام نے اس نصاب پر باریک بینی سے نظر ثانی فرما کر اس پر اتفاق رائے قائم کیا اور ایک متفقہ تصدیق نامہ جاری کیا۔

۲۔ الحمدللہ اس نصاب کے بارے میں تمام مکاتب فکر کے معروف علمائے کرام، ماہرینِ تعلیم اور معروف تعلیم اداروں کے تاثرات اور کلماتِ تحسین موصول ہوئے ہیں۔


۳۔ اسلامی نظریاتی کونسل اور وفاقی وزارت تعلیم نے اس نصاب کی تحسین فرمائی ہے۔




۴۔ محکمہ اوقاف حکومت سندھ نے دی علم فاؤنڈیشن کے مرتب کردہ نصاب مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات حصّہ اوّل تا ہفتم اور متفقہ ترجمہ قرآنِ حکیم کے حوالہ سے تصدیق نامہ اور محکمہ اوقاف سندھ کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری فرمایا۔

۵۔ اس نصاب کے دو حصّوں کا انگریزی میں اور تین حصّوں کا سندھی زبان میں ترجمہ ہو کر شائع ہو چکا ہے۔

## ”مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات“ کی حالیہ پیش رفت




سرکاری اسکولز (کل اسکولوں کی تعداد: 6,521 کل طلباو طالبات کی تعداد: 1,637,938)

نجی اسکولز (کل اسکولوں کی تعداد: 3,991 کل طلباو طالبات کی تعداد: 601,540)

- ❖ کل طلباو طالبات کی تعداد تقریباً: 2,239,478
- ❖ کل اسکولوں کی تعداد تقریباً: 10,512


۲۰۱۰ء سے ۲۰۲۱ء تک کل شائع شدہ کتب کی تعداد تقریباً : 4,000,000

مزید پیش رفت یہاں دیکھیئے۔

• Qur'an Program for Students • Centre for Educational Excellence • Tilawat Program for Schools


245-1/I, Block 6, P.E.C.H. Society, Karachi-75400 (Pakistan).
Phone: (92-21) 34 3044 50-51, 34 5444 47, 34 3022 20-21 Website: www.tif.edu.pk Email: info@tif.edu.pk

## ”مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات“ کا آن لائن کورس




الحمدللہ ”مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات“ حصّہ اوّل تا حصّہ سوم کی ویڈیو ریکارڈنگ اور آن لائن کورس بھی کروایا جاچکا ہے جس میں پاکستان کے علاوہ کئی دیگر ممالک سے مختلف عمر کے لوگوں نے کورس مکمل کر کے سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ اب یہ آن لائن کورس ہمارے ایل۔ایم۔ایس (LMS) پر موجود ہے اور ان شاءاللہ جلد ہی مطالعۂ قرآنِ حکیم کے بقیہ حصّوں کا آن لائن کورس بھی اسی ایل۔ایم۔ایس (LMS) پر موجود ہوگا۔

## ”مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات“ کی تدریس کا جائزہ

الحمدللہ یہ نصاب گزشتہ دس سالوں سے ملک کے طول و عرض میں سرکاری و نیم سرکاری ہزاروں اسکولوں میں پڑھایا جارہا ہے۔ ان اسکولوں سے ہم وقتاً فوقتاً مطالعہ قرآنِ حکیم کی تدریس کا جائزہ بھی لیتے رہتے ہیں۔ اس سلسلے میں پرنسپلز، اساتذہ، والدین اور طلبہ سے باقاعدہ تحریراً اور ویڈیو کی صورت میں بھی تاثرات (Feedback) لیتے رہے ہیں۔ ان میں سے چند نام یہ ہیں۔






۱۔ گورنمنٹ اسکولز بہاولپور (تحریری)

۲۔ الھدیٰ شعور اسکولز فیصل آباد (تحریری)

۳۔ دی سٹیزنز فاؤنڈیشن اسکولز (تحریری)

۴۔ چودھری اقبال صاحب (ڈائریکٹر، دی ایجوکیٹرز گروپ، جنوبی پنجاب) (ویڈیو تاثرات)

۵۔ حافظ ذوالفقار شاہد صاحب (صدر پرائیوٹ اسکولز ایسوسی ایشن سیالکوٹ، پرنسپل قائد پبلک اسکولز) (ویڈیو تاثرات)

۶۔ حافظ شعیب عامر صاحب (صدر پرنسپلز اینڈ ٹیچرز فورم پاکستان، پرنسپل اُم المدارس اسکول فیصل آباد) (ویڈیو تاثرات)

۷۔ محمد ندیم انور صاحب (صدر آل پاکستان پرائیوٹ اسکولز اونرز ایسوسی ایشن گجرانوالہ، پرنسپل پیسفک ہائی اسکول) (ویڈیو تاثرات)




۸۔ ڈاکٹر خالد محمود ثاقب صاحب (ہیڈ ٹیچرز ٹریننگ ڈپارٹمنٹ دارِارقم اسکولز، گجرات ریجن) (ویڈیو تاثرات)

۹۔ آغوش الخدمت اٹک، تقریب تکمیل مطالعۂ قرآنِ حکیم حصّہ دوم (ویڈیو تاثرات)

۱۰۔ فیصل آباد، سیالکوٹ اور نارووال کے اسکولوں کے طلباء وطالبات کے تاثرات (ویڈیو تاثرات)

اس کے علاوہ مزید تاثرات اور ویڈیوز ہماری ویب سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہیں۔

خواہش مند ادارے لیٹر ہیڈ پر نصاب کے بارے میں اپنے مفید تاثرات اور ”درخواست فارم برائے فراہمی کتب“ پُر کر کے ہمیں بذریعہ ڈاک / ای میل / Whatsapp بھجوا کر یہ نصاب بلاہدیہ حاصل کرسکتے ہیں۔ درخواست فارم ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

التماس ہے کہ دیگر ہم خیال لوگوں اور اداروں کو بھی اس متفقہ قرآنی نصاب سے متعارف کروائیں تاکہ وہ بھی اس نصاب کے ذریعہ نئی نسل کو قرآنی تعلیمات سے روشناس کرواسکیں اور اس عظیم صدقہ جاریہ والے کام میں شامل ہوسکیں۔ اللہ ﷻ سے دعا ہے کہ وہ خدمتِ قرآن کے حوالے سے اس کاوش کو قبول فرمائے، اسے ہمارے لئے صدقہ جاریہ بنائے اور ہمیں اپنی زندگیوں کو عملاً قرآنی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین



245-1/I, Block 6, P.E.C.H. Society, Karachi-75400 (Pakistan).
Phone: (92-21) 34 3044 50-51, 34 5444 47, 34 3022 20-21 Website: www.tif.edu.pk Email: info@tif.edu.pk